مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرہ کتب

**عمل الیوم واللیلہ یعنی نبوی لیل و نہار** | عربی تصنیف، امام احمد بن شعیب النسائیؒ
اردو ترجمہ۔ مولانا محمد اشرف۔ صفحات ٦٦٦۔ قیمت ١٣٠ روپے
ناشر، مکتبہ حسینیہ، قذافی روڈ۔ گرجاکھ۔ گوجرانوالہ۔

دعا، عبادت کا جوہر اور مغز ہے۔ انابت الی اللہ کا وسیلہ، عجز و انکسار اور اظہار عبدیت کی معراج ہے۔ پھر دعاؤں میں مؤثر، جامع، قرب اور قبولیت میں دعائے مسنونہ سے بڑھ کر کوئی دوسرا نسخۂ اکسیر نہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کی تمام دعائیں اور زندگی کے شب و روز اور تمام نشیب و فراز ہر موڑ اور ہمہ پہلو دعاؤں پر مشتمل اور جامع کتاب کے لکھنے میں امام نسائی کو سبقت اور اصلیت کا شرف حاصل رہا ہے۔ ان کی عربی تصنیف "عمل الیوم واللیلہ" ہر دور میں اکابر علماء سلف صالحین اور داعیین امت کا مرجع رہی اور اہل علم کا اس پر اتفاق رہا ہے کہ اگر کوئی اپنی مکمل زندگی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک طریقہ کے مطابق گزارنا چاہے تو اس کے لئے یہ کتاب بہترین راہ نما ثابت ہو گی۔

بدقسمتی سے پاکستان میں یہ نسخہ کم یاب بلکہ نایاب تھا مولانا محمد اشرف فاضل نصرۃ العلوم گوجرانوالہ ادھر متوجہ ہوئے تو اصل عربی کے ساتھ اردو دان حضرات کے لئے بھی اس سے استفادہ آسان کر دیا ہے۔ ترجمہ سلیس رواں اور آسان ہے ہر جگہ اصل کتاب کی طرح معنویت نمایاں ہے مکتبہ حسینیہ نے عمدہ طباعت، مضبوط اور گولڈن جلد بندی کے ساتھ شائع کر دیا ہے۔ علمی و دینی بالخصوص تعلیمی اور تبلیغی حلقوں میں اس کتاب کے پڑھنے اور اس سے استفادہ کرنے کا اگر بھرپور اہتمام کیا جائے تو اصلاح انقلاب امت کے بہترین ثمرات حاصل ہو سکتے ہیں۔

**ماہنامہ سلوک و احسان** | بانی و نگران اعلیٰ مولانا محمد یحییٰ مدنی۔ صفحات ٦٤۔ قیمت فی پرچہ ٥ روپے
سالانہ چندہ ٥٠ روپے۔ مقام اشاعت۔ معہد الخلیل الاسلامی ٥/٤٤٥ ٣ بہادر آباد کراچی ٥

بے دینی، الحاد، زندقہ، عریانی اور فحاشی کی اشاعت اور فروغ و ترویج میں اخبارات اور لٹریچر کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ دینی درد رکھنے والے علماء اور مبلغین بھی الحمد للہ اس سے غافل نہیں۔ ماہنامہ سلوک و احسان اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس سے دینی اور اسلامی اقدار کے خلاف لادین قوتوں کی یلغار کے سدباب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ مضامین اور تحریریں دلچسپ، جاندار، اصلاحی، علمی، تاریخی اور واقعۃً